This question paper contains 5 printed pages.]

Your Roll No ....

5295

B.A. (PROGRAMME)/I A

(Language Course)

URDU LANGUAGE (B) — Paper I

(For Candidates who Studied Urdu upto 10th Level)

(Admission of 2005 and onwards)

Time : 3 Hours **Maximum Marks : 75**

(Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.)

1. درج ذیل نثری اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح مع سیاق و سباق کیجئے : 15

(الف)

''میاں ! میں جو آخر جنوری کو رام پور جا کر آخر مارچ
میں یہاں آ گیا ہوں تو کیا کہوں کہ یہاں کے لوگ میرے حق

میں کیا کیا کچھ کہتے ہیں۔ ایک گروہ کا قول یہ ہے کہ یہ شخص والیٔ رام پور کا استاد تھا اور وہاں گیا تھا۔ ایک جماعت کہتی ہے کہ نوکری کو گئے تھے مگر نوکر نہ رکھا۔ ایک فرقہ کہتا ہے کہ نواب نے نوکر رکھ لیا تھا، دوسو روپیہ مہینا کر دیا تھا۔ لفٹنٹ گورنر الہ آباد جو رام پور آئے اور اُن کو غالب کا وہاں ہونا معلوم ہوا تو انہوں نے نواب صاحب سے کہا اگر ہماری خوشنودی چاہتے ہو تو اِس کو جواب دو۔"

(ب)

"ایک دفع پیش خدمتوں میں کوئی نیا شخص ملازم ہوا تھا۔ دسترخوان آراستہ ہوا، نعمت ہائے گوناگوں چُنی گئیں۔ جب خانِ خاناں آکر بیٹھا، سیکڑوں صاحبِ کمال موجود تھے۔ کھانے میں مصروف ہوئے۔ اُس وقت وہی خدمت گار پیش خدمت خانِ خاناں کے سر پر رومال ہلا رہا تھا، یکا یک رونے لگا۔ سب حیران ہو گئے۔ خانِ خاناں نے حال پوچھا، عرض کی کہ میرے بزرگ صاحبِ امارت اور دستگاہ تھے، میرے باپ کو بھی مہمان نوازی کا بڑا شوق تھا۔ مجھ پر زمانے نے یہ وقت ڈالا۔"

2. درج ذیل شعری اقتباسات میں سے کسی **ایک** کی تشریح مع سیاق وسباق کیجیے : 15

(الف)

وہ جو ہم میں تم میں قرار تھا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو
وہی یعنی وعدہ نباہ کا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو
وہ جو لطف مجھ پہ تھے پیش تر وہ کرم کہ تھا مرے حال پر
مجھے سب ہے یاد ذرا ذرا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو
وہ نئے گِلے وہ شکایتیں وہ مزے مزے کی حکایتیں
وہ ہر ایک بات پہ روٹھنا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو
کبھی بیٹھے سب جب جو رُوبرو اشاروں ہی سے گفتگو
وہ بیان شوق کا برملا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو
کبھی ہم میں تم میں بھی چاہ تھی کبھی ہم سے تم سے بھی راہ تھی
کبھی ہم میں تم بھی تھے آشنا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

(ب)

رخصت ہوا وہ باپ سے، لے کر خدا کا نام
راہِ وفا کی منزلِ اوّل ہوئی تمام
منظور تھا جو ماں کی زیارت کا انتظام
دامن سے اشک پونچھ کے دل سے کیا کلام

اظہارِ بے کس سے ستم ہوگا اور بھی
دیکھا ہمیں اُداس تو غم ہوگا اور بھی

دل کو سنبھالتا ہوا آخر وہ نونہال
خاموش ماں کے پاس گیا صورتِ خیال
دیکھا تو ایک در میں ہی بیٹھی وہ خستہ حال
سکتہ سا ہو گیا ہے یہ ہے شدّتِ ملال

تن میں لہو کا نام نہیں زرد رنگ ہے
گویا شِہ نہیں کوئی تصویرِ رنگ ہے

3. درج ذیل میں سے کسی **ایک** موضوع پر مضمون تحریر کیجئے : 15

(الف) آج کل کے ٹیلی وژن پروگرام

(ب) کاروباری زمانے میں اردو کی اہمیت

(ج) آبادی خوشحالی کے لئے خطرہ

4. درج ذیل میں سے صرف **تین** کی تعریف مع مثالوں کے دیجیے : 15

مرثیہ - قصیدہ - ردیف - نظم - تشبیہہ - استعارہ

5. مضمون ''نئی اور پرانی تہذیب'' کی روشنی میں مرزا فرحت اللہ بیگ کی خصوصیات لکھئے۔ 5

یا

میر تقی میر کی غزلیہ شاعری پر مع اشعار ایک مضمون لکھئے۔

6. افسانہ ''بڑے گھر کی بیٹی'' کا خلاصہ لکھئے اور اس کی کردار نگاری پر اظہارِ خیال کیجئے۔ 5

7. مرزا غالب کی شاعری پر مع مثالوں کے اپنی رائے کا اظہار کیجئے۔ 5

یا

داغ دہلوی کی غزلوں پر مع اشعار ایک مضمون تحریر کیجئے۔